23324-کیا مرد کے لیے بھی نکاح میں ولی ہے ؟

سوال

کیا مرد پر کے لیے بھی عقد نکاح میں ولی کا ہونا واجب ہے ، اگر جواب اثبات میں ہو توکیا مرد کا کوئی بھی قریبی شخص اس کا ولی بن سکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

مرد کے لیے عقد نکاح کے وقت ولی کا ہونا واجب نہیں ، بلکہ مرد تو خود اپنے نکاح کا ذمہ دار ہے ، لیکن عورت عقد نکاح میں ولی کی محتاج ہے اوراس کا نکاح ولی کے بغیر نہیں ہوتا کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :

عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : (جو عورت بھی ولی کے بغیر نکاح کرے تو اس کا نکاح باطل ہے باطل ہے باطل ہے) سنن ترمذی حدیث نمبر (1102) سنن ابوداود حدیث نمبر (2083) امام ابوداود رحمہ اللہ تعالی نے اسے حسن قرار دیا ہے ، سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1879) ۔

لیکن اگر مرد مجنون یا بے عقل اور کم عقل ہو تو اس پر ولی ہوگا ، لیکن جب وہ عقل منداور سمجھدار ہو تو اس پر کوئی ولی نہیں ہوگا ۔